**SET-1**

**Series : GBM/1/C**

کوڈ نمبر
**Code No. 263/1/1**

**Roll No.** | | | | | | | | رول نمبر

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- آپ جانچ کر لیں کہ اس پرچہ میں چھپے صفحات کی تعداد **7** ہے۔
- پرچہ کے اُوپر دائیں طرف چھپا کوڈ نمبر آپ کو اپنی جواب کی کاپی کے اوپری صفحہ پر لکھنا ہوگا۔
- تصدیق کر لیجئے کہ پرچہ میں چھپے سوالوں کی تعداد **25** ہے۔
- **کِسی سوال کا جواب لکھنا شروع کرنے سے پہلے اُسکا پرچہ کے مطابق سلسلہ وار نمبر جواب کی کاپی میں لکھ دیجئے۔**
- آپ کو سوالوں کے پرچہ کو پڑھنے کے لیئے 15 منٹ کا مزید وقت دیا گیا ہے۔ پرچہ 10 بجکر 15 منٹ تک طلباء میں بانٹ دیا جائیگا۔ 10 بجکر 15 منٹ سے 10 بجکر 30 منٹ تک طلباء پرچہ کو فقط پڑھینگے اور اِس دوران میں وہ جواب کاپی میں کوئی جواب نہیں لکھینگے۔

- Please check that this question paper contains **7** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **25** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**
- 15 minutes time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# کاروباری علوم (عِلمِ تجارت)
# BUSINESS STUDIES
## (Urdu Version)

مقررہ وقت : 3 گھنٹے
*Time allowed : 3 hours]*

کُل نمبر : 80
*[ Maximum marks : 80*



collegedunia.com
India's largest Student Review Platform

**عام ہدایات :**

*(i)* **1** نمبر کے سوال کا جواب **1** لفظ سے **1** فقرہ تک ہو سکتا ہے۔

*(ii)* **3** نمبروں کے سوال کا جواب **50** سے **75** الفاظ تک ہو سکتا ہے۔

*(iii)* **4** یا **5** نمبروں کے سوال کا جواب **150** الفاظ تک ہو سکتا ہے۔

*(iv)* **6** نمبروں کے سوالوں کا جواب **200** الفاظ تک ہو سکتا ہے۔

*(v)* ایک سوال کے سبھی حِصّوں کے جواب، جواب کاپی میں ساتھ-ساتھ لکھیے۔

1. 'اشیاء و خدمات ٹیکس ایکٹ' لاگو ہونے پر کاروباری علاقے کے ماہرین نے مختلف علاقوں اور صنعتوں پر اس کے اثرات کا تجزیہ و تخمینہ لگانا شروع کیا۔ ایک قائم کاروباری وویک نے اپنے آپ کو ان معلومات سے واقف کرانے کے لئے ان ماہرین کے ذریعہ منعقدہ سیمنار اور کانفرنس میں حصہ لیا۔ وہ اپنے کاروبار کے بارے میں لئے جانے والے فیصلوں میں غیر یقینی بن کر کم کرنے کے لئے ان تخمینوں کا مطالعہ کرنا چاہتا تھا۔
مندرجہ بالا پیراگراف میں مذکور منصوبہ جاتی عمل کے مرحلے کا نام بتائیے۔ **1**

2. مینجمنٹ کے اصول سائنسی طور سے فیصلہ لینے میں مینجر کو کس طرح تعاون کرتے ہیں ؟ بیان کیجیے۔ **1**

3. مینجمنٹ کی ایک طالبہ، وینا درجے میں حاصل اپنے علم کو اصل زندگی کے حالات سے جوڑنا چاہتی ہے۔ ٹیلی ویژن پر تعلیمی پروگرام دیکھتے وقت اس نے بہت سے حالات کو دیکھا جو اسے سائنسی مینجمنٹ کے تصورات کی یاد دلات تھے۔ ایسے ہی ایک پروگرام میں آٹوموبائل، کمپیوٹر اور موبائل فون کے لئے پرزوں کو بنانے والی صنعتوں پر پروگرام نشر کیا جا رہا تھا۔
سائنسی مینجمنٹ کی اس تکنیک کا نام بتائیے جسے ایسے حصوں کی پیداوار کرتے وقت عمل کرنا چاہیے۔ **1**



collegedunia.com
India's largest Student Review Platform

4. 'لیسز فیئر' لیڈرشپ اسٹائل کا مطلب واضح کیجیے۔ 1

5. ویور گارمنٹس لمٹیڈ کا مارکیٹنگ مینجر روی، اپنے ماتحت کام کرنے والے سیلز مین کو کام سے متعلقہ باتوں پر ان کی غیر جانب دارانہ اور آزادانہ رائے ظاہر کرنے کی اجازت نہیں دیتا۔
ترسیل کی تنظیمی روکاوٹوں کی پہچان کیجئے جو روی کے ذریعہ پیدا کی گئی ہیں۔ 1

6. 'کمرشیل پیپر' کا کیا مطلب ہے؟ 1

7. 'مسابقتی سطح' کس طرح ایک تنظیم کی ورکنگ کیپٹل کی ضرورت کو متاثر کرتی ہے؟ بیان کیجیے۔ 1

8. اَویک مارس لمٹیڈ کا فائنانس مینجر ہے۔ رواں سال میں کمپنی نے زیادہ منافع حاصل کیا ہے۔ لیکن، اَویک کا سوچنا ہے کہ کم ڈیویڈنڈ (منافع حصہ داری) کا اعلان کرنا زیادہ بہتر ہے کیونکہ وہ آئندہ سالوں میں کمپنی کی ممکنہ آمدنی کے بارے میں غیر مطمئن تھا۔
اَویک کا ڈیویڈنڈ کا انتخاب کس عمل پر مبنی ہے۔ اس کا نام بتائیے۔ 1

9. پیداواری ڈیزائن میں اپنی تعلیم مکمل کرنے کے بعد سریتا مخصوص ضروریات والے اشخاص کی نقل و حرکت اور ترسیلی ضروریات کو پورا کرنے والے پیداواروں کو ڈیزائن کرنے کا خود کا کاروبار شروع کرنا چاہتی ہے۔ اس نے اپنے دوست کو بتایا کہ وہ زیادہ معیاری اور قابل خرچ قیمت والے پیداواروں پر توجہ مرکوز کرنا چاہتی ہے۔ پیداوار کی منفرد فروخت قیمت (U.S.P.) مخصوص اشخاص کی چنوتیوں اور ضروریات پر مبنی ہوں گی۔
وہ اپنے کارخانے اور ملک بھر کے فروخت کے دفتروں میں صرف مخصوص ضروریات کے لوگوں کو ہی مقرر کرنا چاہتی ہے۔ سریتا کا یہ فیصلہ اس کی حکمت عملی کی وضاحت کرنے کی بنیاد فراہم کرتا ہے۔ یہ ان توسیعی پیرامیٹرس کی بھی تعریف کرتا ہے جس کے تحت کمپنی افراد کی بھرتی کرسکتی ہے۔
سریتا کو یہ فیصلہ لینا تھا کہ کس طریقہ سے مخصوص ضروریات والے قابل افراد کی تقرری کی جائے۔
مندرجہ بالا پیراگراف میں سریتا مینجمنٹ کے ایک عمل کا ذکر کر رہی ہے۔ اس کام کے مختلف اقسام ہوتے ہیں۔
مندرجہ بالا پیراگراف میں سریتا کے ذریعہ ذکر کئے گئے قسم کی پہچان کیجیے اور اسے سمجھائیے۔ 3



collegedunia
India's largest Student Review Platform

10. تقرری کے بیرونی ذرائع کی تین خوبیاں بیان کیجیے۔ 3

11. تربیت کے مندرجہ ذیل طریقوں کو مختصراً بیان کیجیے :

(i) کارآموزی یا نوآموزی ٹریننگ

(ii) داخل تربیت 3

12. (i) سرمایہ کاری رقم، (ii) تحفظ اور (iii) سیالیت کی بنیاد پر کیپٹل بازار اور زر بازار کے درمیان فرق واضح کیجیے۔ 3

13. پنیکل لمٹیڈ اسٹیشنری اور آفس فرنیچر کا کاروبار کرتا ہے۔ وہ مشہور برانڈوں سے پیداوار وسائل کے طور پر لیتے ہیں جو انہیں چار سے چھ ماہ تک کا اُدھار دیتے ہیں۔

الیکٹرونک اشیاء کی مانگ کو دیکھتے ہوئے وہ پورے ہندوستان میں شاخ کھول کر ان اشیاء کی تقسیم کی منصوبہ بندی بھی کر رہے ہیں۔ اس کے لئے انہوں نے الیکٹرانک اشیاء کے ایک جاپانی پیداکار کے ساتھ تعاون کیا ہے۔

کنہیں دو ایسے عوامل کی پہچان کیجیے اور انہیں بیان کیجیے جو پنیکل لمٹیڈ کے قائم سرمایہ کو متاثر کر سکتے ہیں جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا۔ 3

14. ہیما اپنی کمپنی 'کوب لمٹیڈ' کی ایک کامیاب مینجر ہے۔ وہ کام میں چنوتی سے بھرپور حالات کا سامنا کرنے کے لئے اپنی تخلیقی صلاحیتوں اور پہل کا استعمال کرتی ہے۔

اپنے طالب علمی کے دنوں میں ایک مشہور مینجمنٹ ادارہ اور اس کے مشاہدہ و تجربہ سے حاصل علم کا استعمال ہیما ایک دی ہوئی اصلی حالت کے ضمن میں مہارت سے کرتی ہے۔ اپنے علم کو ہم معاصر رکھنے کے لئے وہ اکثر مینجمنٹ کے مختلف میدانوں سے متعلق کتابیں اور ادب کا مطالعہ کرتی ہے۔

(i) مذکورہ بیان میں مینجمنٹ کی فطرت کے ایک پہلو پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ اس پہلو کی پہچان کیجیے۔

(ii) حصہ (i) میں پہچان کئے گئے پہلو کی کنہیں تین خوبیاں بیان کیجیے۔ 4



collegedunia.com India's largest Student Review Platform

15. رسمی تنظیم کے کنہیں چار فوائد کا بیان کیجیے۔ 4

16. 'اصلاحی کارروائی کرنا' کنٹرولنگ عمل کا آخری مرحلہ ہے۔ اس مرحلہ سے پہلے کنٹرولنگ عمل میں لئے جانے والے مرحلوں کو بالترتیب مختصراً بیان کیجیے۔ 4

17. صدف ایک مشہور کمپنی کی اہم آفیسر ہے۔ اس نے اپنے کمپنی کے عملہ کے لئے ایک مناسب مہارتی فروغی پروگرام اور ایک اچھی عہدہ پالیسی شروع کی۔ سب سے زیادہ ذہین افراد کو ترغیب کرنے اور کمپنی میں بنائے رکھنے کے لئے اس نے کمپنی کے مینجرز کو ان کے کاموں میں کئی مضامین داخل کرکے مینجرز کے کاموں کو ڈیزائن کیا۔ اپنی کمپنی کے عملہ کو ترغیب دینے کے لئے صدف کے ذریعہ شروع کی گئی دو ترغیبات کی پہچان کیجیے اور انہیں سمجھایئے۔ 4

18. ویلور کے جے ہند ہسپتال میں جناب مورتی انسانی وسائل منیجر ہیں۔ اسے ہسپتال کے لئے نرسوں کی تقرری کرنی ہے۔ کیونکہ ہسپتال میں مختلف قسم کے مریض ہوتے ہیں، وہ مریضوں کے ساتھ میں امیدواروں کا پختہ پن اور نفسیات کا پتہ لگانا چاہتی ہے۔ وہ امیدواروں کی فیصلہ کن صلاحیت کو بھی جاننا چاہتی ہے۔
ایسی کسی دو اقسام کے امتحانات کو سمجھایئے جنہیں مورتی اپنی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے استعمال کرسکتا ہے۔ 4

19. سندھو آیوروید لمٹیڈ، ہربل، آیورویدک دوا اور پنساری سامان بنانے والی ایک نئی کمپنی ہے۔ اس نے کم وقت میں بازار کے ایک بڑے حصے پر قبضہ کرلیا ہے۔ روزانہ استعمال کی مختلف اشیاء جیسے ٹوتھ پیسٹ، بسکٹ، نوڈلس، صابن، شیمپو اور ڈیٹرجنٹ وغیرہ کی ماحول کے مطابق، کیمیا سے آزاد اور صحت کے متبادل اشیاء کے فروغ کے لئے کمپنی کا ریسرچ اینڈ ڈیولپمنٹ کافی وقت سے کوشش میں مصروف ہے۔ ان کی تجارتی حالت ان مسابقتوں سے دور ہے جو تنگ نظر ہیں اور صارفین کی ضروریات تک محدود ہیں۔ اس کے بجائے سندھو آیوروید لمٹیڈ طویل مدتی سماجی مدعوں پر غور کرتا ہے جس میں بازار کے سماجی، اخلاقی، ماحولیاتی پہلوؤں پر غور کیا جاتا ہے۔

(i) سندھی آیوروید لمٹیڈ کے ذریعہ اپنائے گئے مارکیٹنگ مینجمنٹ فلسفہ کی پہچان کیجیے اور سمجھایئے۔

(ii) کمپنی کے ذریعے حوصلہ افزائی کی جانے والی کنہیں دو اقدار کا تذکرہ کیجیے۔ 4



collegedunia.com India's largest Student Review Platform

20. تجارتی ماحول کی کنہیں پانچ خصوصیات کا تذکرہ کیجیے۔ 5

21. اپار فاؤنڈیشن ایک غیر سرکاری تنظیم ہے جو بچوں کے علاج معالجہ سے متعلق ضروریات، بے گھر اور قدرتی آفات سے مجبور بچوں کی زندگی میں اصلاح لانے کا کام کر رہی ہے۔ نقد چندہ کے علاوہ وہ سوکھا راشن، پرانے کپڑے، جوتے، کھلونے، کتابیں اور دوائیاں خیرات کرنے والوں سے اکٹھا کرتی ہے۔ اپار فاؤنڈیشن کے بھوپال دفتر میں اکٹھا مال کو الگ الگ کر کے زندہ کیا جاتا ہے اور تجارتی طور پر لیبل لگے ہوئے شیلفوں اور باکسوں میں باقاعدہ رکھا جاتا ہے۔ ان میں سے ہر ایک مد کے لئے یہاں ایک خاص مقام ہے اور خود رضا کار ہر ایک مد اس کے خاص مقام پر رکھتے ہیں۔

رضا کار کا کام مخصوص قسم کے کاموں میں منقسم ہے جیسے فنڈ جمع کرنا، علاقہ کا معائنہ کرنا، سوشل میڈیا کا مطالعہ کرنا اور اسی طرح اور بھی - ہر ایک رضا کار اپنی صلاحیت اور ٹریننگ کی بنیاد پر ایک مخصوص ٹیم کا حصہ ہیں۔ ہر ایک رضا کار اپنے اپنے علاقے میں ایک ماہر بن جاتا ہے جس سے انسانی کاوشوں کا بہتر استعمال ہو پاتا ہے۔

(i) اپار فاؤنڈیشن کے ذریعے اپنائے گئے مینجمنٹ کے دو اصولوں کی پہچان کیجیے اور انہیں سمجھائیے۔

(ii) ان دو اقدار کا تذکرہ کیجیے جنہیں اپار فاؤنڈیشن اپنے کاموں کے ذریعہ سماج کے سامنے پیش کرنا چاہتی ہے۔ 5

22. شیام نے دواؤں کی دکان پر دکھائی گئی ایک درد شفا مرہم کو دیکھ کر اسے خرید لیا۔ مرہم کی ٹیوب گتے کی باکس میں پیک کی گئی تھی۔ شیام کے ذریعہ جب درد شفا مرہم کی خریداری کی گئی تھی اس وقت اس کے پیکجنگ کے مختلف سطحوں کی پہچان کیجیے ساتھ ہی پیکجنگ کے کاموں کا تذکرہ بھی کیجیے۔ 5

23. تفویض اختیار اور لامرکزیت کے درمیان چار فرق واضح کیجیے اور فرق کی بنیاد بھی بتائیے۔ 6



collegedunia.com
India's largest Student Review Platform

24. سدھا ایک جرأت کار تجارتی خاتون گذشتہ دس سالوں سے ایک مرغی فارم چلا رہی ہے۔ اس نے اپنی تجارت سے چار لاکھ روپئے کی بچت کی۔ اس نے اس رقم کو اپنی تجارت کو بڑھانے میں لگانے کے لئے اپنے خاندان والوں سے مشورہ کیا۔ اس کے خاندان کے ممبران نے اسے مختلف مشورے دیے - جیسے پرانی مشینوں کو بدلنے کے لئے نئی مشینیں خریدنا، نئی تکنیک والے تمام آلات کی خریداری، کسی دوسرے شہر میں مرغی پالن کی نئی شاخ کھولنا وغیرہ۔ کیونکہ یہ فیصلے اس کی تجارت کے لئے اہم ہیں، ان میں زیادہ دھن کی ضرورت ہوتی ہے اور بہت لاگت کے علاوہ انہیں بدلا نہیں جا سکتا، اس لئے کسی فیصلے پر پہنچنے سے پہلے سدھا ان پہلوؤں کا تجزیہ کرنا چاہتی ہے۔

(i) سدھا کے ذریعہ لیے جانے والے مالی فیصلوں کی پہچان کیجیے اور اسے سمجھایئے۔

(ii) ان فیصلوں کو متاثر کرنے والے دو عوامل کو بھی سمجھایئے۔ 6

25. مندرجہ ذیل حالات میں ہر ایک کے لئے صارف عدالت کے ذریعہ صارفین کو فراہم کی جانے والی کنہیں دو راحتوں کا تذکرہ کیجیے :

(i) دِویا سے پانی کی ایک بوتل کے پرنٹڈ قیمت سے زیادہ قیمت وصول کی گئی۔

(ii) کلارا کو خراب انجن والی کار فروخت کی گئی۔

(iii) ایک نئے خریدے گئے خراب الیکٹرک ہیٹر کے استعمال سے انٹونی کو چوٹ لگی۔ 6



collegedunia.com India's largest Student Review Platform

collegedunia.com India's largest Student Review Platform